السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

رکوع کے بعد ہاتھ باندھنے چاہئیں یا نہیں، جیسا کہ اہل علم باندھتے ہیں اور اگر نہیں تو پھر حدیث تحریر فرمائیں؟ اور اس کے متعلق اگر آپ نے کوئی کتاب لکھی ہو تو بھیج دیں تاکہ تسلی ہوسکے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

میری تحقیق یہی ہے کہ رکوع کے بعد قیام میں ہاتھوں کو چھوڑ دینا چاہیئے باندھنا نہیں چاہیئے۔ اس مسئلہ میں راام الحروف نے ایک سندھی زبان میں ضخیم کتاب لکھی تھی بعد میں چند احباب کے کہنے پر اردو زبان میں بھی ایک رسالہ مختصر بنام ''نیل الأمانی وحصول الآمال'' لکھا اس پر بھائی صاحب جناب سید بدیع الدین شاہ رحمہ اللہ نے تنقید فرمائی میں نے پھر اس کا جواب لکھا جو حال ہی میں کراچی سے طبع ہوا ہے، میں یہ دونوں کتابیں ارسال کر رہا ہوں، آپ گہری نظر سے مطالعہ کر کے ان کے متعلق اپنے چند تاثرات ضرور لکھ بھیجیں۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

[فتاویٰ راشدیہ]

صفحہ نمبر 285

محدث فتویٰ